لیکن اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ خالق کا اپنی مخلوق سے اس قسم کا علاقہ ہے جیسا مشین کا مشین بنانے والے سے کہ وہ یورپ میں بیٹھا ہے اور اس کی صنعت لاہور و کراچی میں اپنا کام کر رہی ہے بلکہ وہ کسی وقت بھی اپنی مخلوق کے کسی ادنیٰ

سے ادنیٰ جزو سے دور نہیں جیسے عکس دی عکس سے بعید ہو ہی نہیں سکتا۔

عاکس عکسوں ہر جا اقرب ، اصل دی ذات احوالوں
اوہ اقرب تھیں اقرب جس تھیں شورش حسن جمالوں

اس مقام پر آ کر بعض فرقے حلول واتحاد کی گمراہی میں مبتلا ہو گئے اور مظاہر فطرت انسان ، گائے ، سانپ ، سورج وغیرہ کو خدا کا اوتار سمجھ لیا۔ بعض ہمہ اوست کے گرداب میں پھنس گئے۔ مولانا غلام رسولؒ نے اس الجھن کو بھی ایک شعر میں صاف کردیا۔

اثر حلول ، اتحاد نہ سمجھیں تے نہ کیف بیانوں
جے پانویں حق پاویں جیونکر ہے منصوص قرآنوں

یعنی اس مسئلے میں اصلی فیصلہ وہی ہے جو قرآن کی صریح تعلیم سے ثابت ہے۔ انسانی عقول و افکار اس باب میں کسی قطعی اور متفقہ نتیجے پر پہنچنے سے قاصر رہے ہیں۔ پیر رومؒ کا ارشاد ہے۔

اتصالے بے تکیف بے قیاس
ہست رب الناس را با جان ناس

ترجمہ: (لوگوں کی جانوں کا قرب لوگوں کے رب کیساتھ بے کیفیت اور بے قیاس قسم کا ہے۔)

سچ تو یہ ہے کہ یہ باتیں کہنے اور بیان کرنے کی نہیں، آئینہ قلب کو ذکرِ الٰہی اور اخلاقِ جمیلہ سے صیقل کرنے کی ضرورت ہے۔ اسی کا نام سلوک ہے اور اس کے عامل کو سالک کہتے ہیں۔ سالک قال سے آگے حال کی شاہراہ پر چلتا ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔

باجھوں حال نہ قال منافع ، قالی دا ہتھ خالی

ہو خالی سدواوے عالی ، ایہہ ہے طبع رذالی
فرج شکم دا بندہ ہو کے لافاں مار نہ مولے
نام دھریں کافور زنگی دا ، پر کیہ کون قبولے

جس طرح سیاہ فام حبشی کا نام کافور رکھنے سے اس میں کافور کی رنگت اور خاصیت نہیں آ جاتی۔ اسی طرح اہلِ سلوک کی باتیں کرنے سے اسرار سلوک حاصل نہیں ہوتے۔ بہت سے لوگ جنسی اور شکمی خواہشات کی سیری کیلئے عارفوں کا لباس پہن لیتے ہیں اور ان کی باتوں کی نقل اتارتے پھرتے ہیں لیکن امتحان کے موقع پر نامقبول ثابت ہوتے ہیں۔ رومی فرماتے ہیں۔

قال بگذار و مردِ حال شو
پیشِ مردِ کاملے ، پامال شو

## مناجات :

حمد کے آخری اشعار مناجات پر مشتمل ہیں۔ فرماتے ہیں۔

تیں ہندے میں رکت ول جانواں ناہیں ہور ٹکا ناں
جے تقصیروں میں پُر دامن ، غالب فضل رباناں

-------

ایہہ گرداب اندھیر غماں دا ، دنیا نام سداوے
پور بھرے وچ بیڑے غرقن ، جے نہ نبے لاوے

-------

میرے کار حوالے تیرے ، یا ستار غفارا
عدل کریں میں پکڑیا جانواں فضل کریں چھٹکارا

میں بندہ توں صاحب میرا انت نہ تیں وڈیایوں
رحمت تیری بہت زیادہ بندے دی بُریایوں

------

اِتھ اقرار نبیاں سندا لااُحصی وچ آیا
کنہ تیری کو پا نہ سکے ، توں بے مثل خدایا

-------

توبہ دی توفیق اساتوں ، دیویں پاک الٰہا
در اپنے دا رکھ سوالی ، ہر دم شاہنشاہا

اے اللہ ! آپ کے ہوتے ہوئے میں کہاں جاؤں۔ آپ کے سوا کوئی پناہ کی جگہ نہیں۔ اگر میں سراپا تقصیر ہوں تو آپ کا فضل اس پر بھی غالب ہے۔ یہ مقام جسے دنیا کہتے ہیں ، دکھوں اور تکلیفوں کا بھنور ہے جس میں انسان گھرا ہوا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کنارے پر چا کر نہ لے آئیں تو کسی کی کشتی ڈوبنے سے بچ نہیں سکتی۔ اے عیب پوش! اے خطا بخش! میرا معاملہ آپ کے سپرد ہے۔ اگر آپ انصاف کریں تو میں سخت سزا کے لائق ہوں اور اگر آپ اپنے فضل و کرم سے نوازیں تو نجات کی امید ہے۔ میں آپ کا بندہ ہوں۔ آپ میرے آقا ہیں۔ آپ کی عظمت لا محدود ہے۔ آپ کی رحمت میرے گناہوں سے بہت زیادہ ہے۔ نبیوں نے بھی لا احصی ثناءً علیک کہہ کر آپ کی تعریف سے اپنے عجز کا اقرار کیا۔ آپ کی کنہ کا ادراک وہ بھی نہ کر سکے۔ اے خدائے تعالےٰ آپ بے مثل ہیں۔ اے اللہ پاک! ہمیں توبہ کی توفیق دیجئے۔ اے بادشاہوں کے بادشاہ ہمیں ہر وقت اپنے ہی دروازے کا سائل رکھیے۔

مولانا جامی جو اپنے تخلص کے اعداد کی مناسبت سے ۵۴ کتابوں کے مصنف

کہے جاتے ہیں۔ ادبی لحاظ سے داستان زلیخا ان کے شاہکار کی حیثیت رکھتی ہے۔ بلاشبہ اس میں کئی مقام ایسے آتے ہیں جو اپنے حساس قاری سے اشک و آہ کا خراج لئے بغیر نہیں رہتے۔ میں ان کی "حمد" کو مولوی غلام رسولؒ کی "حمد" کے سامنے رکھ کر دیکھ رہا ہوں۔ مجھے یہ اعتراف کرنے میں کوئی جھجک محسوس نہیں ہوتی کہ مولانا غلام رسولؒ کا پایہ بلند اور بہت ہی بلند ہے۔ آپ نے نہ صرف مسائل بیان کئے ہیں بلکہ مسائل کے اندر اہلِ حال کی سی لذت بھی رکھ دی ہے جو قاری کو اس عالم رنگ و بو سے نکال کر ماورائیت کے عالم میں لے جاتی ہے۔ اس کے ساتھ میں اعلیٰ اخلاقی درس اور تزکیہ نفس کی موثر تعلیم بھی موجود ہے۔ پنجابی زبان میں تصوف اور الٰہیات کا اتنا گراں بہا ذخیرہ کم از کم میری نظر سے آج تک نہیں گزرا۔

## نعت :

ہمارے داستان سرا شعرا کا زمانہ قدیم سے یہ دستور چلا آ رہا ہے کہ حمد کے بعد نعت میں جوشِ عقیدت اور زورِ طبیعت کا اظہار کرتے ہیں۔ فردوسی، نظامی، سعدی، خسرو، جامی وغیرہم، ایرانی شعراء سے لے کر پاک و ہند کی مختلف زبانوں کے شعراء سب کے سب اس منزل سے ہو کر گزرنا اپنی سعادت سمجھتے ہیں۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ یہ مضمون جس قدر عام ہے اسی قدر اس میں مناسب احتیاط کا سخت فقدان ہے۔ وہ کسی بزرگ نے کہا ہے :-

با خدا دیوانہ باشد و با محمدؐ ہوشیار

نعت کے میدان میں بہت کم لوگ ہوشیار پائے جاتے ہیں۔ عام شعراء نے "والضحیٰ چہرہ اور واللیل زلف" کی قسم کی نعتیں کہی ہیں یا پھر احمد واحد کا صحیح

مرتبہ و فرق سمجھنے میں سخت ٹھوکر کھائی ہے۔ اس کا نتیجہ عوامی اثر و عقیدت کی شکل میں نفسِ اسلام کے خلاف ثابت ہوا ہے۔ صحیح اور نفع بخش نعت وہی لوگ کہہ سکتے ہیں جن کو مقامِ نبوت کے ساتھ پیامِ نبوت پر غور کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ سب سے بہتر اور صحیح ترین نعت وہ ہے جو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی زبانِ مبارک سے ایک سائل کے جواب میں نکلی۔ جب آپؓ سے آنحضرت ﷺ کے اوصاف و اخلاق کے متعلق پوچھا گیا تو آپؓ نے فرمایا...... كَانَ خُلُقُهُ القُرآن ...... اس فقرے کی بلاغت کو کسی ترجمے میں منتقل نہیں کیا جا سکتا۔ یوں سمجھئے کہ آپؐ اپنے اخلاق فاضلہ کے اعتبار سے چلتا پھرتا قرآن تھے۔ اس سے بہتر اور صحیح تر نعت کوئی نہیں کہہ سکا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ قرآن پاک میں جا بجا آپؐ ہی کی نعت پھیلی ہوئی ہے اور اس نعت پاک کا مصنف خود خدائے تعالیٰ ہے۔ شیخ سعدی نے اسی مفہوم کو اپنے مشہور قطعے میں ادا کیا ہے:۔

بلغ العلیٰ بکمالہ
آپؐ کے کمالات انتہائی بلندی پر پہنچے
کشف الدجیٰ بجمالہ
آپؐ کے جمال سے تاریکیاں دور ہو گئیں
حسنت جمیع خصالہ
آپؐ کے تمام خصائل حسین تھے
صلو علیہ و آلہ
آپؐ پر اور آپ کی آل پر درود و سلام

یہی مضمون ذرا اور تفصیل کے ساتھ مولانا حالی نے اپنے مسدس

میں بیان کیا ...... اس تمہید سے غرض یہ ہے کہ ۔

در نعتِ تو سر بردم تیغ است قلم را

پوری احتیاط محفوظ رہے اور سیرت پاک سے ظلمت خانہ ہستی کے ہر گوشے کے لئے نور حاصل کیا جائے۔ ہم اس معیار پر مولوی غلام رسولؒ کو دیکھتے ہیں تو نہایت محتاط پاتے ہیں۔ چند شعر ملاحظہ فرمایئے۔

رحمت نور جہان کھلارے ، مرضاں ولاں گوائیاں
ڈبدیاں جاندیاں کڈھ کرم تھیں ، بیڑیاں بنے لائیاں
گم گیاں نوں راہ دکھائے ، روگ کٹے بیماراں
تاریکی وچ چلدیاں تائیں ، ملیاں شمع ہزاراں

------

واگاں ول مقصود چلائیاں موڑ کراہوں اوویں
واہ سید ثقلین محمدؐ ، تر گئے عالم دوویں

------

پاون ہاریاں سب کجھ پایا ، منکر گئے ازائیں
احمدؐ باجھ نہ ہندی پیدا ، جنت نار کدائیں

آپؐ رحمتِ عالم اور نورِ کائنات تھے۔ آپؐ نے قلبی امراض کو شفا بخشی۔ اقوام عالم کی ڈوبتی کشتیوں کو ساحل نجات پر پہنچایا۔ گمراہوں کوراہ ہدایت دکھائی ، بیماروں کے روگ دور کئے، کفر و شرک اور اوہام و رسوم کی تاریکیوں میں گھری ہوئی دنیا میں بے شمار شمعیں روشن کر دیں۔ گمراہی کی وادیوں سے نکال کر صراطِ مستقیم کی طرف چلا دیا۔ مرحبا سردار دوعالم محمد ﷺ جس نے دنیا و آخرت دونوں ہی میں کامیاب کر دیا۔

خوش نصیبوں نے آپؐ کے فیضِ صحبت سے ہر نعمت اور ہر سعادت حاصل کی اور منکر تباہ و برباد ہوئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث نہ ہوتے تو خلدِ نعیم کے اسرار کی تفصیلات دنیا کو معلوم نہ ہو سکتیں۔

## منقبت :

حمد و نعت کے بعد نو شعروں میں صحابہ و اہلبیت رضوان اللہ علیہم کی مدح لکھی ہے۔ اس میں احتیاط و اعتدال کا دامن ہاتھ سے چھوٹنے نہیں پایا۔ آخری شعر مولانا کی بصیرت قرآنی کا بین ثبوت ہے۔ فرماتے ہیں ؂

جنھاں دلاں وچ غیظ صحابہ ، حیف تنھاں ایمانے
اوہ مصداق "یغیظ بھم" دے بھاویں کے زمانے

یہ موقع اس شعر کی شرح کا نہیں ، اہلِ ذوق سورہ فتح کے آخری رکوع کا مطالعہ کر کے اس کی حقیقت و تفصیل معلوم کر سکتے ہیں۔

## عشق و رضا :

اس کے بعد مشہدِ عشق اور عالمِ رضا کے مقامِ بلند کی طرف ترغیبِ دل کا بیان ہے۔ اس کے بعض شعر قابلِ غور ہیں ؂

عشق بناں تن دشمن دل دا تے دل دشمن تن دا
ویری نال پیا وس ویری ، واسا خار چمن دا
عشق بناں دل مردہ غافل ، کس گنتی وچ آوے
عشق دلاں نوں صقل نماں جیں کر شمشیر دکھاوے

عشق کے بغیر جسم دل کا اور دل جسم کا دشمن ہے۔ گویا دو دشمنوں کو ایک دوسرے سے پالا پڑا ہے ، جیسے پھول کے ساتھ کانٹا۔

عشق کے بغیر دل موت کی سی غفلت میں ہے جس کا زندوں میں شمار نہیں۔ عشق دلوں کو لغو وفضول اندیشوں کے زنگ سے صاف کر کے تلوار بنا دیتا ہے۔

دیدہ ہور شنیدہ دے وچ ، جیڈک فرق جدائیاں
قالیاں حالیاں دے وچ ایویں جداں فرق لگا ئیاں

جس طرح دید اور شنید میں یقین و گمان کا سا فرق ہوتا ہے اسی طرح اہلِ قال اور اہل حال میں فرق اور حدود مقرر ہیں۔

عشق کرم دا قطرہ ازلی ، تیں میں دے وس ناہیں
اِکناں لبھدیاں ہتھ نہ آوے ، اکناں دے وچ راہیں

عشق اللہ تعالیٰ کے بحرِ کرم کا ازلی قطرہ ہے جس پر کسی کا اختیار نہیں بعض وہ ہیں جو اس کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں لیکن حاصل نہیں کر سکتے اور بعض ایسے خوش قسمت ہیں جنہیں بلا طلب مل جاتا ہے۔

خدا کی دین کا موسیٰؑ سے پوچھئے احوال
کہ آگ لینے کو جائیں پیمبری مل جائے (داغؔ)

---

اِکناں کھپدیاں عمر گوائی ، پلے پیا نہ کائی
اِکناں ہوش جدوں کی آئی ، ایہہ نعمت گھر پائی

یہ شعر ، شعر سابق کا مویّد و مصداق ہے۔

## کامیابی کا زینہ :

جو لوگ منزل عشق میں کامیاب ہوئے ہیں ان کی تصویر کے کچھ

خد و خال ملاحظہ فرمایئے۔

اس دنیا دی گردن اتے قدم دھرے لنگھ جاوے
ہر طلب دے رڑھیا جاندا لوکاں نظر نہ آوے

اس شعر کی شرح کے لئے سعدی کا ایک مصرعہ پڑھ لیجئے۔

کآں را کہ خبر شد ، خبرش باز نیامد

جس کو اس کی خبر ہو گئی اس کی خبر پھر کسی کو نہ ہو سکی۔

اب اس سالک راہ عشق کی استقامت دیکھئے۔

جھال جھلے تلوار برہوں دی قدم نہ موڑ ہٹاوے
تیغ وگے پر پیر اکاہیں ، زخموں خبر نہ پاوے

-------

وچ اڑیکاں وقت وہاوے ، وصل ملن دی تانگھے
گرد غبار امکانی سارا گزرے اکت الانگھے

-------

پیوے گھول پیالے زہروں ، مستی چڑھے سوائی
وجے تیغ کہے "بسم اللہ ایہہ محبوب لگائی"

------

عشق چنگا پر اوکھے پینڈے، مرد ہووے دکھ جھلے
وات چلے دکھ پاون ویلے، چپ رہے ، دم ٹھلے

تیغ فراق کے وار پر وار سہتا جائے لیکن پیچھے نہ ہٹے۔ یہاں تک کہ محویت عشق میں اپنے زخموں کا بھی ہوش نہ رہے۔ وقت اس کے انتظار میں صرف ہو اور تمنا اس کے وصال کی رہے۔ عالم امکان کو گرد و غبار سمجھتا ہوا

ایک ہی چھلانگ میں عبور کر جائے۔ زہر عشق کے جام پر جام لنڈھاتا رہے۔
مستی کی کیفیت بڑھتی ہی چلی جائے، سر پر تلوار کا وار پڑے تو "بسم اللہ"
کہہ کر اس کا خیر مقدم کرے کہ یہ محبوب کی طرف سے ہے۔

نہ شود نصیب دشمن، کہ شود ہلاک تیغت
سر دوستاں سلامت، کہ تو خنجر آزمائی

ترجمہ: تیری تیغ سے قتل ہونا دشمن کے نصیب میں نہ ہو، دوستوں کا سر سلامت رہے کہ تو اپنا وار کرے۔

عشق یوں تو بہت مزے کی چیز ہے لیکن یہ سفر سخت مشکل ہے۔ کوئی مرد ہی ہو تو اس کے دکھ اٹھائے ...... دکھوں کی یلغار میں سفر منقطع نہ کرے بلکہ صبر و ضبط سے چلتا رہے۔

کہ عشق آساں نمود اول، ولے افتاد مشکلہا

ترجمہ: عشق کا آغاز آسان ہے، بعد میں مشکلات گھیر لیتی ہیں۔

## ماخذِ داستان:

سببِ تصنیف کے بیان میں اہلِ تحقیق کی طرح ماخذِ تصنیف کا ذکر کرتے ہیں۔

اس وچ مطلب خاص قرآنوں سورت یوسفؑ والی
سب تفسیر حدیث نبیوں، کے امام غزالیؒ
ایہہ تفسیر غزالیؒ وچوں اکثر مطلب پائے
حال زلیخا جامیؒ کولوں جیوں سنے وچ آئے
موسیٰؑ دی توریت جو اج کل ہے مشہور اتھائیں
بعض امانت اس تھیں پکڑی دیکھ مطابق جائیں

یعنی سورۂ یوسفؑ اصلی اور بنیادی ماخذ ہے۔ اس کے بعد حدیث، تفسیر غزالیؒ، ملا جامیؒ کی زلیخا اور توریت شریف پیش نظر رہی۔

یہاں تک جو کچھ لکھا گیا، راقم نے اس کو بہت سمیٹنے اور مختصر کرنے کی کوشش کی ہے ...... اگر ان تمہیدی مضامین کا حق ادا کیا جائے تو ایک پوری کتاب بن جائے۔ اسی سے آپ مضامین کتاب کی وسعت کا کچھ اندازہ کر سکتے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ علم و ایقان اور عشق و عرفان کا ایک بحر ہے ناپیدا کنار اور مولانا کا قلم ماہی بحر کی طرح اس کی تلاطم خیز امواج کو چیرتا ہوا گزرتا جا رہا ہے۔ مجھے اپنے محدود ظرف کی گنجائش کا لحاظ کر کے اس بحر کے چند قطروں ہی پر قناعت کرنا پڑے گی ورنہ اس بے مثل تصنیف کا پورا تعارف اور پوری حق ادائی کے لئے طویل فرصت اور کثیر مصارف کی ضرورت ہے ...... مطالعہ کتاب سے معلوم ہوتا ہے کہ مندرجہ ذیل علوم پر مصنف علیہ الرحمۃ وسیع نظر رکھتے تھے:

دینیات، الٰہیات، فلکیات، صنائع، بدائع، بلاغت، بیان و عروض، تاریخ، اصنافِ سخن، مدح و ذم، رویا، موسیقی وطب وغیرہ۔

ان سب پر مزید چیز جو شعر کے جسم میں جان ڈالنے والی ہے وہ شاعر کا سوز و گداز ہے جو پڑھنے پڑھانے سے حاصل نہیں ہوتا۔ بقول مولانا۔

عشق کرم دا قطرہ ازلی، تیں میں دے وس ناہیں

-----

ایں سعادت بزورِ بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

ترجمہ: یہ سعادت زورِ بازو سے نہیں ملتی جب تک کہ خدا کی بخشش نہ ہو۔

اور بقول حافظ شیرازی؂

قبول خاطر و لطف سخن خدا داد است

ترجمہ: قبولیت عامہ اور لطفِ شعر خدا کی دین ہے۔

مولانا غلام رسولؒ کا کلام اس دولتِ سرمدی کا لا انتہا خزانہ ہے، درد و اثر کے لحاظ سے تمام دنیائے شعر کی بہت کم تصانیف زلیخائے غلام رسولؒ کے مقابلے میں رکھی جاسکتی ہیں۔ یہ تو ہے ان کی خصوصیت لیکن اس سے یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ وہ دوسرے مختلف مناظر کی تصویر کشی میں کامیاب نہیں ہوئے ہوں گے۔ حق تو یہ ہے کہ وہ جس موضوع پر بھی قلم اٹھاتے ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ؂

کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا ایں جا است

ساری کی ساری کتاب ایک تسلسل میں مربوط ہے۔ ایک ایک عنوان کے تحت دسیوں سے لے کر سینکڑوں تک شعر کہتے چلے گئے ہیں لیکن نظم کلام میں کہیں جھول نہیں، روانی میں کمی نہیں، تکلف کا نام نہیں...... راہوارِ طبع ہے کہ تھمنا اور رکنا جانتا ہی نہیں۔ ہر عنوان کا آغاز ایسے اشعار سے ہوتا ہے جو سارے مابعد سے خاص ربط رکھتے ہیں۔ انتخاب الفاظ اور شدت تاثیر میں تو مولانا کا ثانی مشکل سے ملے گا...... مثلاً یوسف علیہ السلام کی والدہ فوت ہوتی ہیں؂

اس دنیا دے ماتم خانے کتنے حاکم آئے

وارو وار زمانے اپنے، جگ وچ حکم چلائے

برادرانِ یوسفؑ، یوسفؑ کو بہانے سے لے جاتے ہیں اور طرح طرح کی ایذائیں دے کر کنوئیں میں گرا دیتے ہیں؂

کیہ جاناں اس دار فنا وچ کیڈ پئیاں گھل زہراں

حال مزاجاں فاسد کر کے، خون وگا ون نہراں

زلیخا اپنے نادیدہ محبوب کو خرید رہی ہے ۔

جس نوں یار وکیندا لبھے ، قیمت ہووس پلے
اس دے جیڈ نہ طالع والا اس دے کرم سوائے
ان ڈٹھیاں دا شوق جنھاں نوں ان ملیاں دی یاری
اتھے دل دیاں دل نوں ضرباں وجدیاں ہیوس کاری

زلیخا کی سعیٔ وصال اور ناکامی ۔

آ دردا وگ پردیاں وچوں پا وچ دیس دہائیاں
ان سنیاں نوں چا سناؤ سوز فراق جدائیاں

طویل جدائی کے بعد باپ کو بشیر کے ذریعے بیٹے کی خبر ملتی ہے ۔

اٹھ ساقی ، چھڈ بے اتفاقی ، چھوڑ اندوہ نہ باقی
درد فراقی تے مشتاقی کر زائل لا طاقی
روندیاں نوں مدت گزری عمراں درد وہائیں
وچھڑیاں دا ملنے ویلا ، غیبوں خبراں آئیاں

یعقوب علیہ السلام مصر کی طرف کوچ کر رہے ہیں ۔

ناقہ شوخ قلم دی شوقوں چاڑھ وصال سواری
چلو غلام رسول مصر نوں بہ وچ عشق عماری

حضرت یعقوب علیہ السلام عالم آخرت کو سدھار رہے ہیں ۔

مڑ ناقہ دھر قدم پچھاڑی چل ول دیس پرانے
سفری مڑے وطن ول جاندے جتھ ہمیش ٹکانے

چل کوکل دن چارے واسا ، پردیساں وچ تیرا
ویر سہیڑ نہ دیس پرائے ، اتھ نہ بت ویرا

ان اشعار کی تاثیر اور عبرت انگیزی شاعر کے صاحب دل ہونے کا اعلان کر رہی ہے ......... اب ہم مختلف مقامات سے مختلف مضامین کے خاص خاص اشعار پیش کرتے ہیں۔

## فلکیات :

زلیخا دوسری مرتبہ عالم رویا میں جمال یوسفی کا نظارہ کر رہی ہے۔ اصل مضمون سے پہلے تمہیداً اس رات کی تصویر کھینچتے ہیں جس میں یہ عشق انگیز اوربلا خیز سانحہ پیش آنے والا ہے۔

رات اِکا اس اوہا جہی ، کالیاں زلفاں والی
خون بھرائے دامن والی ، وچ شفق دی لالی

------

ظالم دی اس تیروں آندی ، مشک ادھار سیاہی
تے اک دوش اپر لٹکائی کاہکشاں دی پھاہی

------

مینا کار حصار سماوے ، بھرے بروج بلائیں
روڑھے تول ترازو جوزا ، دلو بلا ہوائیں

------

جھڑیا رنگ شہاب شہب تھیں وسیا وچ دلاں دے
وچ بنات النعش سماوے ، تھکیوں درد سہاندے

تیسرے خواب کی تمہید میں فرماتے ہیں۔

سعد سعود برسپت ساعت کھول سعادت والی
ست وچ لاٹ مریخ جلائی ، دفتر تھیں بد فالی
پڑھ آیت والشمس نصیباں ، خواہے شکل دکھائی
تیر عطارد تھیں چا واہے ، سدھ بدھ غماں گوائی
طالع سوم سخی ہو آئے ، نقش بنا کیوانی
نیندر دے وچ سکر سمائی ، اوہ زہرہ پیشانی

طوالت کے خوف سے ان اشعار کی شرح کو نظر انداز کر کے صرف علم ہیئت کے مخصوص الفاظ و اصطلاحات کی طرف اشارہ کرتا ہوں :

کاہکشاں ، حصار سموی ، بروج ، ترازو ، جوزا ، دلو ، شہاب ، بنات النعش سعد سعود ، سعادت ، مریخ ، بر سپت ، ساعت ، بد فالی ، والشمس ، عطارد ، طالع ، نقش ، کیوان ، زہرہ۔ یہ برجوں اور ستاروں کے اسماء و اوصاف ہیں جن کا استعمال بتا رہا ہے کہ شاعر صرف شاعر نہیں نجومی بھی ہے۔اس مضمون کے اور بھی بہت سے شعر ہیں جن کے شرح و بیان کی یہاں گنجائش نہیں۔

## طِب :

زلیخا کا قلب و دماغ عشق کی بے پناہ تاثیر سے ماؤف ہو جاتا ہے۔ اس کے علاج کی ناکام تدبیریں کی جا رہی ہیں۔

شیخ رئیس جیہاں دیاں عقلاں سر نیویں کر گئیاں
وچ قانون علاج نہ پایا ، اس مرضوں ڈر گئیاں
قرشی جیسے موجز مایہ ، کیہ کر سکدے کاری
علم ذخیرہ پاس جنھاں اوہ رووَن زار و زاری

شیخ الرئیس حکیم بو علی سینا کا لقب ہے اور قرشی فنِ طب کے بہت بڑے شارح ہیں۔ قانون شیخ کی سرمایہ ناز کتاب کا نام ہے اور موجز قرشی کا معجزہ ہے جس کے چند اوراق میں قانون کی عظیم تفصیلات کو سمیٹ لیا ہے۔ ذخیرہ خوارزم شاہی اس فن کا خزانہ ہے۔

ارکان تے دو تین روحاں تن تن دیاں خلطاں چارے
پنج حواس نے شش رودہ ، ہفت طبیعی کارے

اس شعر میں صنعت سیاقۃالاعداد کے ساتھ طب نظری کا خلاصہ پیش کر دیا ہے۔ تین روحیں طبعی ، نفسانی اور حیوانی ہیں ، حواسِ خمسہ : ذائقہ ، باصرہ ، شامہ ، سامعہ اور لامسہ ، شش رودہ : اثنا عشری ، صائم ، دقیق ، اعور ، قولون اور معائے مستقیم ، سات امور طبعیہ : ارکان (۱) ، مزاج (۲) ، اخلاط (۳) اعضا (۴) ، ارواح (۵) ، قوی (۶) اور افعال (۷)۔

## دنیائے نبات :

زلیخا کے باغ کی تعریف میں فرماتے ہیں کہ وہاں ہر قسم کے پھل ہیں۔ نارنج سینے کو برودت پہنچاتے ہیں ، انجیر کی لذت مہینوں قائم رہتی ہے ، ضعفِ قوئی دور ہو جاتا ہے ، تلی کا ورم اور گردے کی کمزوری اور سینے کے روگ دور کرتی ہے۔

کھاوندیاں دے جان دماں وچ ضعف قواں سارے
ورم ، طحال ، ہزال ، الکلیہ ، سینے دے دکھ بھارے

قرنفل یعنی لونگ کی تاثیر ملاحظہ فرمایئے۔

ماو جیہاں دے دل تائیں ، قوت فرحت آئی
وحشت تے وسواس اڈائے ، ذہن دماغ صفائی

تمی کا ایک مصرعے میں پڑھئے

گلگل کے ہمدی شاخیں ، لیھ گواون والی

لیھ طحال یا تمی کا پنجابی نام ہے۔ اس قسم کے اشعار سے شاعر کی طبی معلومات اور مہارت کا پتا چلتا ہے۔

## موسیقی:

بستانِ زلیخا میں قسم قسم کے پرندے اپنے نغموں سے بہار کے جوبن میں اضافہ کر رہے ہیں

قفس نار برہوں دا جلیا ، دیدا خبر فراقوں
وقت نوای حجاز رہاوے ، لندا صبر عشاقوں
بوسیک ، صفاہاں ، کوچک ہور بزرگ عراقوں
زنگیوں کر راست نغمہ ، پڑھے حسینی طاقوں

ان شعروں میں زیرِ خط الفاظ جس سلیقے سے وارد ہوئے ہیں ان سے مولانا غلام رسولؒ کی اسرار موسیقی سے آگاہی ثابت ہوتی ہے۔ آسمان کے بارہ برجوں کے مطابق اس فن کے بارہ مقامات مقرر کیے گئے ہیں۔ لباوے ، حسینی ، راست ، حجاز ، بزرگ ، کوچک ، عراق ، صفاہان ، نوا ، عشاق ، زنگلہ اور بوسیک۔ ان میں سے ہر ایک متعدد نغموں سے مرکب ہے اور ہر ایک کا وقت اور موسم الگ ہے۔

## بہار و فراق:

فراق زدہ زلیخا سیر گلزار سے غم غلط کرنا چاہتی ہے۔ شاعر کی

قدرتِ کلام کا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ مناسباتِ بہار اور مناسباتِ فراق کو اس طرح ساتھ ساتھ بیان کیا ہے کہ گویا ایک دوسرے کے لئے عروس تو اور زیور کا کام دے رہے ہیں۔"

سُرخ گلاں تے بلبل روندی ، کردی کھڑی سیا پے
ایہہ سر مار کے ہتھ دونویں ، نج جیندے ماپے
ملے مثال جمن دیاں دنداں ، ویکھ چھپے دیاں کلیاں
دیکھ شقائق دے رُخسارے دل وچ لاٹاں بلیاں
گُل لالے دی خونی صورت ، کھُل پئی وچ سینے
سینیوں داغ برہوں گل سینے ، جھاڑے نقش نگینے

## برقِ تجلی:

"زُلیخا سیر سے واپس آ رہی ہے۔ دل کسی طرح بہلتا ہی نہیں۔ راستے میں ایک ہجوم دیکھا۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یہاں ایک کنعانی غلام فروخت ہو رہا ہے۔ حیرت سے پوچھتی ہے کہ یہ کونسا غلام ہے جس کے لئے اتنا عظیم میلا برپا ہو رہا ہے۔ کنیزوں نے دریافتِ حال کے بعد بتایا کہ غُلام بہت خوبصورت ہے اور ہر کوئی اس کی خریداری کے لئے بے تاب ہے۔ زلیخا کی بے چینی اور بڑھ جاتی ہے۔"

جے ایہہ بندہ سوہنا وِکدا ، میں بھی سوہنے لگی
خبر نہیں اج لٹی جا سی ، کون کوئی جڑ ٹھگی

اب وہ دیکھنے پر آمادہ ہو رہی ہے۔ بہ تکلف حواس جمع کر کے بچے ہوئے حسن پر نظر ڈالتی ہے۔"

کرے وچار نظر کر دیکھاں ، ڈِٹھس گھت نظارا

پی نظر چھُٹ گئیاں آہیں ، لیا پچھان پیارا

غش کھا کر گر پڑتی ہے۔ پھر ہوش میں آکر فریاد کرتی ہے۔

جھڑی عشوں محبوبا واری، میں وک گئی نظاریں

کتھوں آیوں وکدا پھردا ، شہراں دے بازاریں

شہر وکیس میں جنگل لبھاں ستے مُل وکاویں

سائی جان جہان نہ قیمت ارزاں اجے دساویں

یعنی اگر بیعانے کے طور پر جان دے دی جائے اور سارا جہان قیمت ٹھہرے تو بھی سودا سستا ہے۔ اس ناگہانی تجلی کے تاثر کو ذہن نشین کرنے کے لئے غالب کا شعر ذیل بھی سامنے رکھیے۔

گرنی تھی ہم پہ برق تجلی نہ طُور پر

دیتے ہیں بادہ ظرف قدح خوار دیکھ کر

جمالِ یوسفی کو سب نے دیکھا لیکن جو زلیخا نے دیکھا وہ کسی اور کو دکھائی نہ دیا ...... زلیخا کی زبانی چند شعر اور ملاحظہ فرمایئے۔

سورج چند اک دند تیرے دا مُکھ تکن وچ گھاتاں

واریاں ساریاں تار زُلف تھیں ، تاریاں بھریاں راتاں

جیسے جیسے آگے بڑھیں ، آگ بھڑکتی جا رہی ہے۔

میں واری بازار وکیندیا ، مُل تولیندیاں جاناں

میں وکنے تھیں اگے وکیاں کوک سنی سلطاناں

عشق دمیں میں وکدی آئی ، تیرے شوق وہاجی

مصر نی دھاریاں لائیاں ، اج مل ہیوں علاجی

اس سلسلے میں ایک مصرعہ دیکھئے، جس کی تعریف نہیں ہو سکتی۔

میں وچ آس تیری دی ہردم نین دھرے سرانیاں

یعنی تیری امیدِ وصال میں میری بیدار راتیں اور اشکبار دن اس طرح گزرے کہ گویا آنکھیں ہر وقت نیزے کی نوک پر رکھی ہیں.........

یہاں سعدی کا ایک شعر یاد آ رہا ہے۔

ز دیدنت نتوانم کہ دیدہ بر بندم
گر از مقابلہ بینم کہ تیر می آید

ترجمہ: تیرے دیکھنے سے میں آنکھ بند نہیں کر سکتا۔ اگرچہ سامنے سے تیر آتا ہوا دکھائی دے۔

مولوی غلام رسولؒ کا مصرعہ شعرِ سعدی سے کتنا بلند ہے اس کے لئے شرح و دلیل کی ضرورت نہیں۔ اب زلیخا اپنی قدیم محرمِ راز دایہ سے مخاطب ہوتی ہے۔

کرے پکار ایسائی دائی، میریاں خواباں والا
عشق جہدے وچ گود کھلیندیاں پیتا زہر پیالا
ایہ اوہا میں جس دے کارن پایاں اڈ ایذائیاں
جس نے شوخیاں تے وڈیائیاں میریاں روڑھ وگائیاں
جس دی وچ اڈیک انکھیں نے کنڈیاں فرش وچھائے
تاریاں بھریاں راتاں دے وچ روندیاں وقت وہائے
ایہ اوہا، میں جس دے ہتھوں درد پیالے پیتے
غم دکھ دے پیراہن جس نے میں کارن خود سیتے

غم اور دکھ کا پیراہن کتنا جمیل استعارہ ہے۔ یعنی جسم کو غم کی

تاثیر نے ڈھانک لیا ہے۔ عاشق کے پورے وجود پر دکھ کا احاطہ ہو چکا ہے جس سے بچ نکلنے کی کوئی راہ نہیں ...... غالباً یہ اندازِ بیان آیتِ ذیل سے استفادہ کیا گیا ہے:

فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ ہ (نحل: رکوع ۱۴)

اللہ تعالیٰ نے اس بستی کو بھوک اور خوف کا لباس چکھایا ...... آیت کی بلاغت طویل تفسیر کی متقاضی ہے اور یہاں اس کا موقع نہیں۔ اگلے شعر جو اور زیادہ تیز ہوتے جارہے ہیں، ملاحظہ فرمایئے۔

تے میں جس دیاں وچ اڈیکاں ، کھڑی سیاپے کیتے
جس دیاں سوز فراقاں والے ، دن میرے سر ویتے

------

لے مائی ایہہ دلبر میرا ، راتیں آون والا
دیکھ سکیں تے دیکھ پیاری ، لُٹ لے جاون والا

اب سہیلیوں سے خطاب کر رہی ہے۔

لوو سہیلیو نظراں کھولو ، سوہنے دا منہ تکو
اس تھیں دور نہیں چل جانا ، پھیر کتھے تک سکو
دیکھو نی اس ناز سُتی نوں عب چواتیاں لائیاں
دیکھو نی اس بے پرواہیاں ، پھیر نہ جھاتیاں پائیاں
دوڑیو نی اس گھیر لیاؤ ، گھیریوں نکل نہ جاوے
پکڑیو نی ایہہ چلا نہ جاوے ، مت مڑ پھیر نہ آوے

## سوزوگداز

سوزوگداز مولوی غلام رسولؒ کا خاص مضمون ہے۔ قاری و سامع کے سینے میں اگر پتھر کا دل نہ ہو تو وہ اس کتاب کے مطالعہ کے دوران میں بار بار اشک و آہ کی بھینٹ چڑھانے پر مجبور ہو جاتا ہے ...... شاعر کا اپنا دل درد و الم کا سمندر ہے جو کہیں بھی خشک ہونے نہیں پاتا۔ یہی چیز شعر کی جان ہے۔ اسی کے متعلق کہا گیا ہے :"از دل خیزد و بر دل ریزد" جس شاعر کے پاس یہ دولت نہیں اس کی شاعری جھوٹے نگوں کی میناکاری ہے۔ وہ بے جان بت بنانے والا آذر ہے۔ اس کی تخلیق اس کی زندگی ہی میں مردہ ہے۔ اس کے برعکس دردمند دل سے نکلے ہوئے خونیں اشعار اپنی ابدیت سے شاعر کو حیاتِ جاوید سے ہمکنار کردیتے ہیں۔ اردو میں کتنے ہی اساتذہ فن گزرے ہیں جو میر تقی میر کے سوز و گداز سے بے بہرہ ہونے کے سبب صرف تذکروں کی زینت ہو کر رہ گئے ہیں۔ سعدی کی غزل کے سوزِ دوام نے اس کو پیغمبر شعر بنا دیا۔ موجودہ دور میں اصغرؔ و فانیؔ اور حسرتؔ و اقبالؔ کی بلندی کا راز بھی یہی ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ:

کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی

غلام رسولؒ کے ہم عصروں میں کوئی ان کی علمی بلندی اور سوز نگاری کو نہیں پہنچتا بلکہ قدیم شعرائے عالم کی صف میں بھی تلاش کرنے سے شاید ہی کوئی اس خصوصیت میں ان کا ہم پلہ نکلے۔ تنہا اسی موضوع پر شاعر کی رنگارنگ تخلیق کے اظہار کے لئے ایک مستقل تصنیف درکار ہے۔ ہم اس مقالے کے ظرف کے مطابق چند نمونوں پر اکتفا کریں گے ...... فراقِ محبوب میں "بارا ماہ" کہنا پنجابی شاعری کی عام روش ہے۔ اس سلسلے میں زلیخا کی زبان سے چند نالے سنئے۔

ساون چڑھے بدل سر آہوں ، ندیاں نیر اچھالے
نین میرے بنجھ لہریں ڈبدے ، بحر فراق وچھالے

------

اے محبوب محبت تیری کیڈک آفت بھاری
صبر لٹے تے ہوش لٹاوے جان کھڑے کڈھ ساری

------

رووں دا ورتارا میرا ، نین وساون جھڑیاں
مل یارا ایں تیرے باجھوں ، سختیاں پائیاں بڑیاں

------

دن رووں میں راتیں جھوراں تازے کراں سیاپے
دن ماتم ، میں رات قضیئے ، ایہہ دوزخ سر جاپے

------

کر پھیرا دکھ لے ہوئے ، مر کھیاں وچ دوری
سینہ پڑنے ، جگر شرارے ، تن من ہویا چوری

------

میں تیری توں کس تھیں نسیں کس تھیں گھتیں پردا
پاس ہندوں ایہہ دردسیندوں ، واہ دردا واہ دردا

------

وید تو ہیں ، دکھ تیرا مینوں ، میں تیری توں میرا
تو ہیں دولت توں ہیں مالک ، توں ہی آپ لٹیرا

------

جے اک وار ملیں میں پچھاں ، بعد سلام دعائیں
توں ایہہ نین میرے وچ کتھوں ندیاں، توڑ وگائیں

---

دل دا خون اکھیں تھیں وسدا غم دیاں وگن کناراں
وچ قضئیاں تیریاں روندی ، گئے مہینے باراں

ان اشعار میں سے ہر شعر کی شرح اور لطیف خوبیاں اجاگر کرنے کے لئے دفتر کی ضرورت ہے لیکن یہاں فرصت و گنجائش کا یہ حال ہے کہ۔

دامانِ نگہ تنگ و گلِ حسن تو بسیار

ترجمہ: گلہائے حسن کی کوئی حد نہیں اور نگاہ کا دامن بالکل ہی تنگ ہے۔

گنجینہء جواہرات کی تعریف کرنے کی جائے کیوں نہ براہِ راست جواہرات ہی کی نمائش ہدیہ احباب کروں؟ زلیخا دوہرا خواب دیکھ رہی ہے۔ رویائے اول میں نظر آنے والا محبوب سامنے ہے۔

اوہو ناز نہورا تازا ، اوہو سرو خراماں
اوہو شہد کرشمیوں رسدا ، تری بھجے باداماں
اوہو لٹ لے جاون والا ، ملیا دوجی واری
اوہو جس دیاں وچ قضئیاں کیتی گریہ زاری

اس رنگ کے کئی تعارف و تعریف کے اشعار ہیں۔ اب زلیخا کا حال یہ ہے کہ زخم ہرے ہو گئے۔ خون کے فوارے چلنے لگے۔

دیکھ چھٹے گھاہ خون فوارے ، دوڑ قدم سر دھردی
رو رو پکڑ قدم دیاں تلیاں ، عجز ہزاراں کردی

اب خطابِ عشق حضرت حسن کی کیفیت ملاحظہ فرمایئے۔

اے دل دار کمنداں والیا ، محبوبا میں واری
تیرے ناز کرشمیاں اتے ، میں قربان بے چاری
جیون جوگیا جو کجھ ہو گیا ، سن لے درد کہانی
جے نہ موئی میں مر جانی ، توں مت خام پچھانی
میں پر تیریاں درداں باجھوں جے اک گھڑی وہانی
منصب عشق حرام میرے پر تے میں جن دیاں کھانی

---

جس دن دا وچ سینے ، میں تے گھت گیوں چکارا
تس دن دا طوفان اکھیں تھیں ، کھل پیا سویرا

---

درد میرے دیاں واہراں پئیاں ، دلیں خبراں گئیاں
شوخیاں میریاں توں لٹ لئیاں ، روندیاں میریاں سئیاں
سر میرے تے سختیاں آئیاں روندیاں دلیاں مائیاں
نین تیرے وگ روڑھ گوائیاں ، میریاں سب وڈیائیاں

---

تینوں سوہنہ اس سرجن بارے ، بے عیبا سلطاناں
جس لغائیاں روغن دے دے تیریاں بھواں کماناں
دس جوانا نازیں بھریا ، رمزاں دے استادا
نوری صورت سیرت والیا ، رعنا سرو آزادا
حکم اندازا ، نیزہ بازا ، شوخا ، عمد صیادا
شاہنشاہا ، بے پرواہا ، خوش قامت شمشادا

اس انداز خطاب میں کلام کی ملیمانہ روانی کے ساتھ حسنِ خطاب اور سوزِ خطاب کچھ اس طرح سمو دیا ہے کہ تعریف نہیں ہو سکتی۔ اب جو بات کہنا چاہتی ہے اس کو تین مصرعوں کی لطیف تمہید کے بعد چوتھے مصرعے سے شروع کرتی ہے۔

سچ کلام صباحوں صادق ، صاف گہر دی آبوں
روشن نوروں شیریں شہدوں ، خوشبو ناک گلابوں
صدقوں بھری کذب تھیں خالی ، درد گواون والی
"کون کوئی توں کہڑی کوتوں ، کیہ تیں جنس نرالی

اس سوال کے ساتھ کوثرِ بیان کی تیز دھار بہہ نکلتی ہے۔

وسیں زمینے یا اسمانے ، چند ہوئویں یا تارا
یا توں سورج یا توں جلی ، یا توں کجھ نیارا
یا توں صرف برہوں دا شعلہ ، یا آہاں دیاں لاٹاں
یا توں داغ غماں دا روشن ، یا فرقت دیاں واٹاں

حضرت غلام رسولؒ کے پیش رو حضرت ملاجامیؒ نے بھی دوسرے خواب کی داستان بیان کی ہے، چند شعر ملاحظہ فرمایئے۔

ہماں صورت کز اول زو بد بد راہ
در آمد با رخ روشن تر از ماہ
نظر چوں بر رخ زیبائش افکند
ز جا برجست و سرو پاش افکند
زمیں بوسید کائے سرو گل اندام
کہ ہم صبرم ز دل بردی ہم آرام

باآں صانع کہ از نور آفریدت
زہر آلائشے دور آفریدت

ترجمہ : وہی پہلے خواب والا راہزن جمال دوسری مرتبہ چاند سے زیادہ روشن سامنے آیا۔ جب اس کے رخِ زیبا پر نظر ڈالی ، جگہ سے اٹھ کر سر اس کے قدم پر رکھ دیا اور ادب سے کہا ، اے محبوب تونے میرا صبروآرام چھین لیا۔ اس صانع کی قسم جس نے تجھے نور سے بنایا اور ہر آلودگی سے پاک رکھا۔ تو اس حسن کے ساتھ کس خاندان سے ہے۔ تو کس کان کا چمکدار موتی ہے۔ تو معزز بادشاہ ہے ، تیرا محل کہاں ہے؟

اس کے بعد چند اشعار توصیفی لکھ کر عرضِ مدعا کرتے ہیں۔

بگو با ایں جمال دل ستانے
کہ در اصل از کدامی خاندانے
درخشاں گوہری کانت کدام است
گرامی شاہی ایوانت کدام است

راقم مضمون کے دل میں حضرت ملا جامیؒ کے علم و فضل، تجرد و تقدس اور اصنافِ تصانیف کی بے حد قدر و منزلت ہے لیکن یہ قدر و منزلت انصاف کی آنکھوں کو بند نہیں کر سکتی ...... حضرت غلام رسولؒ کے دریائے طبع کی روانی حکیم قاآنی کو مات کر رہی اور خلوص درد سعدی کی غزل کو پیچھے چھوڑ رہا ہے...... وہ مکمل شاعر ہے۔ ایسا شاعر کہ خود زلیخا کے سینے میں شاید اتنی آگ نہ ہو جو اس کے ترجمان ، حضرت غلام رسولؒ کے پہلو میں بھڑک رہی ہے۔ ان کی فریاد اتنی فطری ہے کہ وزن و قافیہ کی قید میں ہو کر بھی بے قید ہوئی جاتی ہے۔ ان کے الفاظ تڑپ رہے ہیں۔ ان کے مصرعے جل رہے

ہیں۔ شعروں سے دھواں اٹھ رہا ہے ، شعلے نکل رہے ہیں۔ خدارا انصاف! مخدوم اساتذہ جامی کے ہاں یہ آتشناکی کہاں ہے؟

زلیخا کے تیسرے خواب کی تمہید سے چند شعر ملاحظہ کیجئے۔

ہن ساقی بس کریں شرابوں دے اک جام گلابوں
ملے آرام خمار عذابوں ، مستاں حال خرابوں

غلام رسولؒ آگے فرماتے ہیں۔

کھول اکھیں دم کائی پھر ، مڑ ویکھ لون جگ وسدا
گزریا درد حساب کتابوں ، یار ملے ہن ہس دا

---

جے لکھ وقت وصال ڈراڈا ، پاس امید دکھاوے
جے امید نہ پاوے عاشق ، تڑف تڑف مر جاوے
میں سنیا درمان دکھاں دا ، آس سکھاں دی دھرنی
کڑا کلیم پکارے "ارنی" طور نہیں سٹ جرنی

زلیخا کی کہانی مسلسل ناکامیوں اور فریادوں کی داستان ہے۔ آخر وہ بڑھاپے کو پہنچ جاتی ہے لیکن اس کا عشق ویسا ہی جوان اور شورانگیز ہے۔ یوسفؑ اب بادشاہ ہو چکے ہیں۔ ان کی سواری کا جلوس آ رہا ہے۔ بے اسر زلیخا گھر سے باہر نکل کر کھڑی ہوتی ہے۔

گھر جھیں گئی زلیخا باہر ، روندی زار و زاری
رخ پر مار دوتویں ہتھ دردوں ڈھوندی ، وار و واری
واہ دردا میں عشق اجاڑی ، کلیو گلی رلائی
درد جھدے نے خاک رلائی ، اس دی اج ڈہائی

خبر کرو محبوب میرے نوں ، دیکھ لوے دکھ میرا
لائق رحم ہوواں جے عدلوں ، کرے کرم دا پھیرا

دور دراز علاقوں کے قحط زدہ قافلے یوسفؑ کے ذخائر سے اناج لے کر شاد کام جا رہے ہیں اور محروم زلیخا ابھی بے پروائی کا شکار ہے۔

بے پروا ہا شاہنشاہا ، توں ملکاں دا والی
در تیرے سب جگت سوالی تے میں سب تھیں خالی

عشق معذور ، چشم بے نور طالبِ امداد ہے۔

'سندیو دخل رکھیندیو اس در آن پھڑو تد میرا
در اسدے لے چلو مینوں ، میں دُکھ سہیا بہتیرا

یوسفؑ کے نقش خیالی سے باتیں کر رہی ہے۔

دن کائی توں میں گھر سٹوں تے میں تکیاں ملیاں
توں اج حکم روا جگ سارے میں رُلدی وچ گلیاں
اے سلطان مصر دے والی ، واگ الار کدائیں
بھل بھلا دے فیر عراقی ، آ دیدار کرائیں
کُوک کراں فریاداں تیں در داد بھریں سلطانا
توں اوہ بردا میرے گھر دا تے اج شاہ زمانہ
توں اوہ مُل وہاجیا ہویا وچیوں بازرگاناں
تے اج دیس مصر وچ تیریاں سب تھیں عالی شاناں

---

وے میں واری توں اوہ سوہنا ہر سوہنے تھیں سوہنا
لاہ برقع وچ مجلس وگیوں ، ویس گیا پے رونا

پہن کفن میں کھڑی لڑیکاں قاتل دے وچ راہاں
میں میدان تیرے وچ حاضر ، ہن نہ ہٹیں پچھاہاں

## ملاقاتِ یوسفؑ:

اس طوفانِ شوق کا منظر جو ملاقات کے وقت آپے سے باہر ہوا جارہا ہے ، چند اشعار میں پیش کرتے ہیں:-

ہو مقابل اکھیں میٹے ، متاں نظر جل جاوے
دل وچ خوشی ابھار اچھالے ، لذت گرد اڑاوے
ملیا یار مراداں پائیاں ، پر اعتبار نہ آوے
دل وچ کہے ایہی ، میں سُتی ،ایہہ خواب دس آوے

-------

جے ایہہ خواب ایسائی ایویں ، یارب چشم نہ کھلے
جے ایہہ یار اگوں چھل جانا ،مرگ اندھیری جھلے
پھیرے ہتھ دو اکھیں اُتے دیکھے چار چو پھیرے
دلوں یقین جو ہن وچ سینے رڑھدے طالع میرے

## فنِ تعمیر:

زلیخا ، یوسفؑ کو رام کرنے کے لئے ایک منقش محل تعمیر کراتی ہے۔ اس میں تعمیری کمالات کے علاوہ دیواروں پر طالب و مطلوب کی شوق انگیز تصویریں منقوش ہیں۔ ضلع ہوشیارپور (پنجاب) کے ایک غیر معروف گاؤں کا رہنے والا شاعر اس محل کی تعریف بیان کرتا ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کی عمر شاہی محلوں میں گزری ہے اور شاہی انجینئروں کے ساتھ رہ کر اس نے

اس فن کی ضروریات پر عبور حاصل کیا ہے۔ چند شعر ملاحظہ فرمایئے۔

تے معمار عزیز پچھانے ، فن جھناں فرہاد دی
مینا کار فلک دے طاقے نقش ٹھن اُستادی

---

ہر خانہ زیبائش اندر سوہناں نظرے آیا
آبنوسوں در صندل بازو تے وچ عاج جڑایا
جالی وچ ستون سنہری ، موتیاں جڑت جڑائے
زریں اسپ ، شکم بھر نافہ ، کول ستون لگائے
لعل اکھیں ، دم بُد یاقوتوں ، قطع عجب زیبائی
ہور درخت صحن وچ اس دے ، زینت حد نہ کائی
شاخاں اتے مور بہائے ، لعلوں پیر بنائے
بال زمرد اکھیں موتی ، چنجھ عقیق سائے
نہ اوہ لڑدے ، نہ اوہ بولن ، بیٹھ رہن چپ کیتے
تے اوہ مست حسن دے نشیوں ، جام جمالوں پیتے
اس کوٹھے دی چھت سنہری ، لعل جڑے دیواریں
رنگیں فرش زبرجد والا ، بھاوے نقش نگاریں
زریں تخت وچھایا اس وچ گوہر جڑے چوپھیرے
مینا کار مقاماں گوشے ، ہوون دُور اندھیرے

## تلقینِ صبر:

کوئی بھی اعلیٰ مقصد صبر کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتا۔ بے صبری ، غیر

مستقل مزاجی ، عدم ثبات تلوّن سے پیدا ہوتی ہے۔ جس کا نتیجہ ناکامی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ قدرت ہمیں صبر کی اعلیٰ تعلیم دیتی ہے۔ اس کا ہر کام جو براہِ راست اللہ تعالیٰ کی کن فیکونی صنعت سے آشکار ہوتا ہے وہ بھی ایک ہی لحہ میں پیدا نہیں ہو جاتا۔ بیج کو درخت بنتے اور ثمر کی منزل تک پہنچنے کتنی دیر لگتی ہے۔ نطفے کو جنین اور جنین کو طفل ، پھر بالغ پھر پیر تجربہ کار بننے کے لئے کتنی مدت کی ضرورت ہے۔ یہ عراتِ سماوی، چاند ، سورج ، تارے کون جانتا ہے کہ ان کو اپنی موجودہ منزل تک پہنچنے میں کتنے لاکھ ، کتنے کروڑ اور کتنے ارب برس یا صدیاں صرف ہوئیں۔ کرنے والا یقیناً ایک ہی لمحے میں سب کچھ کر سکتا تھا لیکن اس کی حکمتِ بالغہ نے تعمیر کائنات میں تدریج ہی کو پسند کیا ...... مولوی غلام رسولؒ تجربہ کار دایہ کی زبان بن کر عشق زلیخا کے پردے میں صبر کی تعلیم دے رہے ہیں۔ زلیخا ، یوسف علیہ السلام کو زندان میں پہنچا کر پشیمان ہو رہی ہے۔ اس کا دامن صبر تار تار ہو رہا ہے۔ اس حالت میں دائی حقِ ہمدردی ادا کرتی ہے۔

دائی نے چامت سکھائی ، نہ کر ایڈ کسالے
عشق پوے سر سختی جھلے ، چاہیے صبر سنبھالے
عاشق نوں سو درد زلیخا ، گزرے نال صبوری
صبر کرے سو مطلب پاوے ، آس رہے ہو پوری
بے صبراں نوں وصل نہ حاصل صبروں مقصد حاصل
میں سنیا کر صبر ہزاراں ، عاشق ہوئے واصل

جوشِ بیان ملاحظہ فرمائیے۔

جوش نہ کھلے ، آہ نہ چھٹے ، اکھڑ قدم نہ جائے
عاشق تے اندھیری جھلے ، ذرا نہ جنبش کھائے

ڈول نہیں رکھ قدم نکانے ، جھل زلیخا پیاری
ایہہ بھی دیکھ نہ رہسی آخر دکھ نہ درد ، خواری

ہر مصیبت کا آخری اور قطعی علاج صبر ہے۔

صبر ہتاں دکھ جاوے ناہیں ، صبر دکھاں دا دارو
صبر ہناں وچ مشکل ویلے ، ہور نہ کائی واہرو

لیکن مولانا یہ بھی خوب جانتے ہیں کہ عاشق کے دل میں صبر اور چھلنی میں پانی ٹھہر نہیں سکتا۔ اب دائی کی نصیحتوں کے بعد زلیخا کے تاثر کی ترجمانی فرماتے ہیں۔

سن کر صبر زلیخا بیٹھی ، پر کجھ ساعت ادھی
عاشق صبر دلے وچ ایہا ، گنڈ ہواوں بدھی

جیسے ہوا کو کپڑے میں باندھ کر گٹھڑی نہیں بنایا جا سکتا۔ ایسے ہی عاشق کے دل میں صبر نہیں آسکتا...... اس سے آگے اور بھی نادر تشبیہ دیکھئے۔

عاشق دے دل صبر لویہا ، جیوں پانی وچ جالی
پا ٹھیرا ڈھلدا جاسی ، نظر پوسی خالی
عشق صبر وچ ویر پرانا ، مڈھوں بغض لڑائی
عشق جتھے اتھ صبرے چارا دخل نہ رکھدا کائی
عشق ستمگر تیغ فولادی ، صبر کمن دی ڈالی
انت کداں تک انہاں لڑائی ، قہر قضیاں والی

## شرک و توحید:

جس طرح سوز و گداز شاعر کا خاص مضمون ہے اسی طرح رد شرک اور

تبلیغ توحید کے وقت بھی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا دل سینے سے نکل کر کاغذ پر آ رہا ہے۔ کتاب کے آغاز سے چل کر متن داستان میں جہاں بھی اسے موقع ملتا ہے اپنے اس ذوقی فرض کو ادا کرتا جاتا ہے۔ چند مقامات سے مختلف اشعار ملاحظہ فرمایئے۔ زلیخا اپنے معبود بت کو لئے ہوئے یوسفؑ کی راہ میں منتظر ہے۔ یوسفؑ بلند مراتب پر پہنچ چکے ہیں اور وہ اپنے مرتبہ و جاہ اور حسن و شباب سے محروم ہو چکی ہے۔ خطاب اپنے خدا سے کر رہی ہے۔

اے بت ظالم تیرے کولوں میں کجھ نفع نہ پایا

---

توں وتا جڑھیا ظالم ، بیہ گھڑیا بد کاراں
کس پہاڑوں چک لیاندوں ، بت سازاں مرداراں
پتھر پیریاں ڈوبن والا ، توں میرے ہتھ آیوں
میں ناتانی دے سر تھیوں ، کس آفت چا لایوں
میں بھلی کیوں پوجیا تینوں ، عمر گئی سڑ سڑ کے
توں وتا وچ چھاتی لگوں ، زخم تیرا دل رڑ کے

---

توں دوزخ دا بالن گاٹا ، سڑن تیرے پو جارے
تیں دل جھکدے رہن ہمیشہ ، دوزخ دے ونجارے

---

مقصودوں توں آپے خالی ، سب تھیں آپ نکارا
ڈب مرے جو تینوں جانے ، مقصد دیون ہارا
آپ وتا توں جندوں خالی ، ڈگیا اٹھ نہ سکیں

تیرے اگے کر فریاداں ، میں سب عمر گوائی
توں نہ سُنیا ، داد نہ دِتی ، نفع نہ ملیا رائی

---

تینوں رب رہی میں کہندی ، عقل قیاسوں باری
میں وچ جان ، تے تیں وچ ناہیں ایہہ نا سمجھ وچاری

اس قسم کے بہت سے اشعار ہیں جن میں رنگا رنگ مضامین کے ذریعے شرک کی برائیاں ذہن نشین کرائی گئی ہیں۔ اس سے آگے بیسیوں اشعار میں معبودِ برحق اور معبودِ باطل کا تقابل دکھایا ہے۔ چند شعر ملاحظہ فرمائیے:

یوسفؑ دا رب قدرت والا ، چج جیہوں پایا
جس بردے توں تخت بہالیا ، سر تے تاج رکھایا
یوسفؑ دا رب سب تھیں چنگا ، خلق اُپاون ہارا
توں میرا رب سب تھیں مندا ، کم گواون ہارا
یوسفؑ دا رب حاضر ناظر ، آس پچا ونہارا
توں میرا رب چکے باجھوں کتے نہ جاون ہارا
یوسفؑ دا رب سُن فریاداں درد اٹھاون ہارا
توں میرا رب گُنگا بولا مغز کھپاون ہارا

---

یوسفؑ دا رب رُڑھدے بیڑے بنّے لاون ہارا
توں میرا رب تردیاں تائیں غرق کراون ہارا

---

یوسفؑ جیہے بندے جس دے ، واہ اس دی وڈیائی
جس یوسف دی شکل بنائی ، اُس بن ہور کیائی

معبودِ برحق کی عظمت و نفع رسانی کے ساتھ معبودِ باطل کی ناکارگی اور تذلیل کا بیان ملاحظہ ہو۔

مرچاں لون نہ وسّن لائق ، تیرے بت کوئے
سیر پھیری یا دہ سیرا ، گھڑدیاں پوے نہ پچے

اس منزل کے بعد اعتراف خطا و استغفار کا مقام آتا ہے۔

کر اِقرار گناہ زلیخا ، توبہ دے در آئی
استغفار کرے سو واری ، رو رو عرض سنائی

---

عرض قبول پئی درگاہے ، ورھیاں رحمت باراں
چھوڑ صنم در وڈے ڈگیوں ، خوشیاں ملن ہزاراں

یوسفؑ سیر سے واپس آتے ہیں۔ زلیخا شاہی جلوس کی عظمت کو دیکھتی ہے۔اسے یوسفؑ کی غلامی و قید اور اپنے عروج رفتہ کا زمانہ واپس آجاتا ہے۔

نعرہ مار پکاریا جاں اس ، ڈٹھی عظمت شاہی
سبحان اللہ پاک خدا دی ، واہ وا بے پرواہی
سلطاناں نوں تختوں سٹے ، پاوے سر گردانی
بردیاں دے سر تاج رکھاوے ، تخت دیوے سلطانی

---

دیس جنھاں دے جتے اندر ، رُلن پھرے وچ راہاں
پردیسی وچ دیس پرائے ، حکم کرن دل خواہاں

یوسف علیہ السلام تک آواز پہنچتی ہے، وہ سخت متاثر ہوتے ہیں۔

حاضر کرو پکارن والی ، یوسفؑ نے فرمایا

زلیخا قریب پہنچتی ہے۔

ہو جا کھڑا ، نہ جائیں یوسفؑ گل میری جا سن کے

------

چاندی تیز سواری والیا ، واگ ذرا کھلیاریں

یوسفؑ سمجھتے ہیں کوئی محتاج بھکارن ہے۔ خادم کو اس کی مدد کا حکم دے کر آگے بڑھنے لگتے ہیں ...... حکم الٰہی پہنچتا ہے ، فریادی کی فریاد خود سیئے۔ یوسفؑ اللہ کے خوف سے ڈرتے ہوئے گھوڑے سے اتر آتے ہیں اور پوچھتے ہیں:

"بڑھیا! تو کون ہے؟ کہاں سے آئی ہے؟ کیا چاہتی ہے؟"

زلیخا یہ استفسار سن کر بے ہوش ہو جاتی ہے۔ جب ہوش آتا ہے تو پکار اٹھتی ہے ...... "یوسفؑ بھل نہ جائیں۔"

نیناں والیا! ڈٹھیں پا لیا ، میریا بے پروا یا

------

اج پچھان نہ سکدوں مینوں ، ہوئی نظر اچیری

وائے دریغ رہیوں بے خبرا ، جان گئی کھپ میری

------

درد تیرے نے پرزے کر کر ، میری خاک اڈائی

شوق تیرے وچ عمر دہائی ، تے توں خبر نہ پائی

اس قسم کے تمہیدی اشعار کے بعد اپنا تعارف کراتی ہے۔

کون ہووا ں میں کون سدا واں ، کون نہیں میں کائی

میں خود کون نہیں کیہ دساں ، خود تھیں اج پرائی

اس سے آگے شعریت کی معراج شروع ہوتی ہے۔

کون کوئی میں دساں تینوں ، سن میری بے حالی
نویں لباس تیرے تن یوسفؑ، میں بت پاون والی
ہتھیں پکھا جھلن والی ، ناز کراون والی
موتیاں جڑیا گل پیراہن ، تدھ پہناون والی

---

چھوڑ وطن وچ تیریاں تاہنگاں ، مصرے آون والی
بازاروں تیں وکدے تائیں ، مُل لیاون والی

یہ سلسلہ طویل ہے۔ اس میں اپنے معاشقے کی تمام داستان اسی موثر انداز میں بیان کرتی ہے۔ اس دوران میں قید و بند کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے۔ ناکامی عشق کا انتقام لینے والی آج بے بس ہے۔ مظلوم زندانی آج پورے اقتدار و اختیار کا مالک ہے۔ شاعر یہ نازک فرض کس خوبی سے ادا کرتا ہے۔

تختی نری عشق تیرے دی ، سر تے چاون والی
کیا کہاں منہ زیب نہ دیندا ، قید کراون والی

---

کروں کھول ستم گر تیغا ، دے یوسفؑ ہتھ میرے
سینہ چیر کڈھاں دل باہر ، دھراں اگاڑی تیرے
اے بریاں گر دل میرے دے جے دیکھیں دل میرا
تداں پچھان تیری وچ گزرے شب ونجے اٹھ تیرا

اس کے بعد یوسفؑ گزرے ہوئے زمانوں کے متعلق پے در پے سوال

کرتے ہیں اور زلیخا جواب دیتی جاتی ہے۔ سوال و جوب کا یہ طویل سلسلہ شاعر کی حاضر دماغی ، تبحر اور خلاقیؑ مضامین کی عجیب و غریب شہادت فراہم کرتا ہے۔ آخر میں یوسفؑ تسلی دیتے ہیں اور زلیخا کے حق میں دعائیں کرتے ہیں۔ ہر دعا اس کی خواہش کے مطابق پوری ہوتی ہے۔ آنکھوں میں بینائی آ جاتی ہے ، جمالِ یوسفی سے بہرہ ور ہوتی ہے۔ اعادۂ شباب کی دعا بھی قبول ہوتی ہے۔ شاعر زلیخا کے شباب مکرر اور حسنِ باز آمدہ کی تعریف کرتا ہے۔

ویکھدیاں قد سدھا ہویا ، چڑھیا رنگ گلالی

---

لعل بدخشاں وانگوں دکے ، سر انگشت عنالی
چہرہ چندوں دون سوایا ، جیوں روشن مہتالی
زلفاں ول ول رُخ دے گردے جھل پیاں دن راتیں
گیسو تار کناریوں لٹکے ، ناگ تکمن وچ گھاتیں
دُرّ رمانی دند چنبیلی ، یا تارے اسمانی
سیب زنخ وچ غبغب ڈونگھا ، ٹمٹمن گھیر نہانی
مژگاں نوک کرشمیوں قاتل قوس بھواں تھیں لڑیاں

تکمیلِ دوشیزگی کا دلکش منظر یوسفؑ کو متاثر کر دیتا ہے۔ زلیخا نکاح کی درخواست پیش کرتی ہے۔ جبرائیل آسمان سے پیغامِ الٰہی لے کر پہنچتے ہیں۔ عرش پر اللہ تعالیٰ نے آپ کا نکاح کر دیا۔ زبانِ الہام کے دو بول سنیے۔

ہوں مراد رہی ایہہ میری تے کجھ ہتھ نہ آیا
اج سوال اساں تھیں کیتا ، جو منگیا سو پایا
اس دروازے جو کوئی آوے ، خالی ہتھ نہ جاوے
ارحم اکرم میں رب صاحب ، جو منگے سو پاوے

بات حسن و عشق اور سوز و فراق سے شروع ہوکر نکاح و وصال تک پہنچتی ہے لیکن دیدہ ور شاعر ساتھ ہی ساتھ اپنا فریضہ تبلیغ بھی ادا کرتا جاتا ہے اور اپنے قاری کو شرک کی نامرادیوں اور توحید کی کامیابیوں سے آگاہ کرتا جاتا ہے۔

## صنائع وبدائع :

حضرت مولوی غلام رسولؒ صنائع و بدائع کے بھی بادشاہ ہیں لیکن خوبی یہ ہے کہ اس کیچڑ میں ایک حد تک شعریت کے دامن کولت پت ہونے سے بچا لیتے ہیں۔ مثال کے طور پر چند مقام ملاحظہ فرمائیں۔

زلیخا کو خواب میں یوسفؑ اپنا پتا مصر بتاتے ہیں۔ وہ نہایت شوق و اضطراب سے مصر پہنچتی ہے۔ وہاں جس شخص کو وہ اپنا مدعائے خواب خیال کرتی تھی، دیکھتی ہے تو شکل و صورت میں جمالِ یوسفی کی کوئی شعاع نظر نہیں آتی۔ اسکی حیرت و مایوسی کی کوئی حد نہیں رہتی۔ اب شاعر صنعتِ تضاد کے دریا بہا دیتا ہے۔

دیکھ عزیز مصر دے تائیں، کوک کہے اوہ "ناہیں"
آہ بھری غم ہوش گوائی، پائی ترت کداہیں
دیکھ کہے جو خوابے ڈٹھا، ایہہ اوہ نہیں پیارا
اوہ خورشید فلک تھیں انور، ذرّہ ایہہ ناکارا
اوہ خود نور ایہی اندھیرا، شہد اوہا ایہہ نکھی
ایہہ کنڈا اوہ گل تھیں نازک، جس وچ خوبی رکھی
اوہ شربت ایہہ کوڑا پانی، اوہ حلوا ایہہ موہرا
اوہ شعلہ ایہہ دھواں بے سر، اوہ چنبا ایہہ بھورا

اوہ مصری ایہہ کوڑا تماں ، ایہہ ہے غم اوہ شادی
اوہ دوست ایہہ دشمن میرا ، ظالم چور فسادی
اوہ صحت تے ایہہ بیماری ، اوہ مرہم ایہہ کاتی
اوہ گوہر ایہہ سنگ غضب دا ، آن وجا وچ چھاتی
اوہ بے عیب تے ایہہ پُر عیبیں ، اوہ دلبر ایہہ ویری
اوہ عافیت ، خیر تسلی ، ایہہ غم ، دُکھ بد خیری

یہ سلسلہ بھی دور تک چلا گیا ہے لیکن درمیان میں مضامین کی بوقلمونی قاری کو اکتاہٹ سے دوچار نہیں ہونے دیتی۔

## تجنیس کی مختلف قسمیں:

زُلیخا کا باپ شاہ طیموس زلیخا کی منگنی کے لئے عزیز مصر کو رقعہ لکھ رہا ہے۔ اس رقعے میں ظاہر یہ کرنا چاہتا ہے کہ میری بیٹی کیلئے مختلف بلاد و امصار سے درخواستیں آئیں مگر وہ مصر کے سوا کسی کو خاطر میں نہیں لاتی۔

نام زلیخا گھر میرے اک دُختر بہت پیاری
سب سُلطان اساں تھیں کردے اس دی خواست گاری
پر اوہ کسے پسند نہ رکھدی ، نام سُنے دل کھسے
جے توران تُورانے رووے ، رُوس کماں تے رُسے
کیمن وچ یمنؔ نہ بھیوں ، عرق نہ وچ عراقے
شام کہے ایہہ شوم ولایت ، شام سیاہ فضاؤں
گرکاں ترک کرے لکھ واری ، جاپے خطا خطاؤں
چھوں چین گھتے دل متھے ، تلخ کرے دل بلخوں
چاڑھ حصار حصاریوں دل نوں ، رد کرے دم تکھوں

اسی طرح ہر شعر کے ساتھ اس کا کوئی ہم شکل لفظ لے آئے ہیں جس میں معنویت کا لحاظ رکھا گیا ہے۔

اعداد:

ایک موقع پر تین کا عدد چودہ شعروں میں نئے نئے مضامین کے ساتھ وارد ہوا ہے جو طبع شاعر کی روانی و جولانی کا زبردست ثبوت ہے۔ زلیخا کہہ رہی ہے۔

فضل کرم تھیں باراں منگدی ، پے پلے تن کانے
تے زخم لگے تن میرے ، غم ، دکھ ، درد پرانے
تے میتوں تیناں وگیاں ، تے کاری پیاں
بے وس ہوئی آس نہ کوئی ، سیاں وچھڑ گئیاں
تے میتوں خواباں آئیاں ، تے سختیاں پائیاں
مدت روئی ، قیدی ہوئی ڈھوئی ول ایذائیاں
تے میتوں ول چھل ہوئے ، تے سخت سیاپے
یار نہ ملیا ، ویری ملیا ، تے ویری دے ماپے

بے نقطہ:

اسی سلسلے میں آگے بڑھ کر بے نقطہ اشعار آتے ہیں جن کی تعداد ۲۹ تک پہنچتی ہے۔ ان کا نمونہ بھی دیکھئے۔

دھر دا ہولا کرم اساڈا ، اس دا کھلا دھاڑا
گھاہ اگلا اوہ وگدا آہا ، لگا ہور وگاڑا
گھر گھر سوگ مصر ول وسدا ساڈا ملک ڈراڈا
کہوا موڑ ملاوگ ادوھر ، دکھ مصر ول ڈاڈھا

طالع کوک کلارا کروا ، وا دروا ، وا دروا
دور مراد ڈھکا ڈکھ اوہا ، اگلا محرم گھر دا

———

رکھ سمھال دلا ڈکھ سارا ، کر کر ورد سحر دا
ہو ہر دم رہ واس الم گھر ہو موہوم صوردا

———

موڑ مہار کرم کر اک دم ہس رس مل ولدا را
رکھ مسلم عہد اسا ڈا ، روڑھ گوا ڈکھ سارا

نقطہ دار:

نمونے کے طور پر دو شعر لکھے ہیں جن کا ہر حرف نقطہ دار ہے:-

نج جنی جن جنی تتی نی خت پتی ، مُت چتینی
شب خیزی بے چینی تیزی ، جیں تن نقش جبینی
نین تپن تپ تجن ، شفق تے تیں نت تخت نشینی
حشی پیت پچی تیں جے تے زینت زیب یقینی

یہ صنعت بہت زیادہ تکلف و تصنع چاہتی ہے۔ ان ابیات میں معنویت مضمحل ہو کر رہ گئی ہے تاہم شاعر نے اپنے کمال کا ایک ثبوت پیش کیا ہے۔

ہجو و ذم:

مدح وستائش شاعروں کا عام مضمون ہے۔ غزل معشوق کے حسن وجمال کی مدح ہوتی ہے اور قصیدہ ممدوح کی شان وعظمت اور کمال و ہنر کی توصیف

پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس موضوع پر ہمارے شعرائے قدیم و جدید نے اتنے دفاتر فراہم کر دیے ہیں کہ ریت کے ذروں کی طرح شمار نہیں کیے جا سکتے۔ ہر نیا شاعر جو اس میدان میں قدم رکھتا ہے اس کو پہلے سے مضامین کا بے انتہا ذخیرہ مل جاتا ہے۔ عموماً اس میں ردو بدل کر کے وہ اپنی شاعری کی دکان تک سجا لیتا ہے۔ بیدل عظیم آبادی اور غالب دہلوی کی قسم کے جدت پسند اور ندرت کار شاعر دنیا بھر کی شاعری میں بہت کم نظر آتے ہیں۔ اس کے برعکس ذم یا ہجو ایک ایسا موضوع ہے جس پر قلم اٹھانے کے لئے شاعر کو اپنی فطری ذہانت ، طباعی ، اور خلاقی سے کام لینا پڑتا ہے۔ بہت تھوڑے شاعر صحیح معنی میں ہجو کا حق ادا کر سکے ہیں۔ عام طور پر ہجو گو ابتذال اور فحاشی کی کیچڑ میں لت پت ہو جاتا ہے۔ مدح اور ذم میں ایک فرق یہ بھی ہے کہ ایک ہی مدح قریب قریب بہت سے ممدوحوں پر صادق آ سکتی ہے۔ حسن کی تعریف میں دنیا بھر کے حسین شریک کیے جا سکتے ہیں لیکن ذم کے لئے ایک شخص خاص کی تصویر کھینچنی پڑے گی۔ دوسرے قابلِ ذم اشخاص پر ضروری نہیں کہ صادق آ سکے۔ خوبیاں عام انسانوں میں مشترک ہوتی ہیں اور برائیاں عموماً اپنی اپنی الگ الگ ہوتی ہیں۔ اگرچہ بعض ہجویں بھی مشترک اور عام ہو سکتی ہیں لیکن قابل شاعر ان میں بھی اپنی انفرادیت قائم کر لیتا ہے۔ مثلاً غالب ایک شخص کی ہجو میں کہتا ہے:-

ہجو تو ناقابلے در صلب آدم بودہ است
زآں سبب ابلیس ملعون سجدہ بر آدمؑ نہ کرد

یعنی ابلیس نے پہلے ہی بھانپ لیا تھا کہ آدمؑ کی نسل سے ہزاروں سال بعد تیرے جیسا نالائق انسان پیدا ہو گا اسی وجہ سے اس نے آدمؑ کو سجدہ کرنا مناسب

نہ سمجھا ...... بالکل اچھوتا مضمون ہے لیکن یہ ہر نالائق شخص کو کہا جا سکتا ہے۔ غالب کے مخاطب کی اس میں کوئی خصوصیت نہیں ...... اسی طرح غالب ہی نے ایک اور شخص کے متعلق کہا ہے۔

با من از جہل معارض شدہ تا مقطعے
کہ گرش ہجو کنم آں بودش مدح عظیم

یعنی ایک ایسا بے حیا جہالت کی وجہ سے میرے منہ آ رہا ہے کہ اگر میں اس کی ہجو بھی کر دوں تو اس کے لئے سرمایہ فخر بن جائے گا۔ وہ خیال کرنے لگے گا کہ غالب ایسے عظیم انسان نے مجھ کو قابلِ خطاب سمجھا چاہے ہجو کے رنگ ہی میں سہی ...... یہ بھی کسی کی شخصی خصوصیت نہیں ......

سعدی ایک بد صورت کی مذمت کرتے ہیں۔

تو گوئی تا قیامت زشت روئی
بر وختم است و بر یوسفؑ نکوئی

وہ ایسا بد صورت تھا کہ تم اسے دیکھ کر تسلیم کر لیتے کہ جس طرح یوسفؑ پر حسن ختم ہو گیا ہے اسی طرح قیامت تک بد صورتی اس پر ختم ہو گئی۔

اگرچہ یہ ذم کی انتہا ہے لیکن کوئی شخصی خصوصیت اپنے اندر نہیں رکھتی ...... شاعر کا کمالِ فن اس وقت اجاگر ہوتا ہے جب وہ ایک خاص ہستی کو سامنے رکھ کر اس کی ایک ایک برائی کو اپنے زورِ بیان اور تخیل و تشبیہ سے اپنے سامع و قاری کے ذہن میں اتار تا جائے۔

آیئے اس معیار پر مولوی غلام رسولؒ کو پرکھیں۔ اس کا ایک نمونہ آپ سابقہ صفحات میں دیکھ چکے ہیں جو صنعتِ تضاد کے ذیلی عنوان سے عزیزِ مصر کے متعلق زلیخا کے تاثر میں بیان کیا گیا ہے۔ جہاں وہ یوسفؑ اور عزیز

مصر کا مقابلہ کرتی ہے لیکن ایک کی خوبیاں اور دوسرے کی برائیاں ایک ایک کر کے ظاہر کرتی ہے۔ لیکن اس سے بھی زیادہ مظہر کمال وہ مقام ہے جہاں شاعر اس دائی کا تعارف کراتا ہے جو زلیخا کے مشورے یا حکم سے یوسفؑ کو بہکانے پر مامور ہوتی ہے۔ راقم الحروف کے عمر بھر کے شعری مطالعہ میں اس کی دوسری مثال نہیں گزری۔ فرماتے ہیں۔

نویں چڑیل ، پرانی آفت ، تن ہلکا ، رگ بھاری
دوہرا قد اکاہرا چمڑا ، موٹھک دیہی ساری

شعر پر سے یونہی نہ گزر جایئے۔ ذرا غور کر لیجئے کہ شاعر نے اس میں کیا کیا لفظی و معنوی صنعتیں بھر دی ہیں۔ سب سے پہلے آپ کے سامنے تضاد و تقابل کی صنعت آئے گی۔ ایک شعر میں چھ لفظ اس صنعت کے حامل ہیں۔ نئی ، پرانی ، ہلکا ، بھاری، دوہرا ، اکاہرا پھر یہ لفظ اتنی بے تکلفی سے آئے کہ شعر پر بوجھ نہیں بلکہ جان شعر معلوم ہو رہے ہیں۔ ان میں سے ایک بھی نکال دیجئے پھر شعر کا ایک اہم عضو کٹ جائے گا۔ آگے بڑھئے تضاد کے مقابلے میں تناسب دیکھیے ...... چڑیل اور آفت ، تن اور رگ ،قد اور چمڑا ، موٹھک (مشت بھر) اور دیہی (پورا جسم) مناسبات کی بہار دکھا رہے ہیں۔ اب اس مکارہ عورت کی تصویر سامنے آ جاتی ہے یعنی وہ ایک تازہ دم چڑیل تھی جو فوراً اپنے شکار پر جھپٹنے والی تھی اور اس قسم کے تجربات کے لحاظ سے پرانی آفت تھی۔ اس کی ظاہری حالت یہ تھی کہ عمر رسیدگی اور رنگ رنگ کے حیلے اور داؤ سوچتے رہنے کی وجہ سے اس کا جسم ہلکا پھلکا اور رگیں ابھر آئی تھیں۔ قد لانبا ہو کر کبڑے پن کی طرف مائل ہو چکا تھا۔ کھال بالکل پتلی ، گویا سارا بدن مٹھی بھر تھا۔

آپ کو ذرا متوجہ کرنے کے لئے میں نے ایک شعر کی مختصر شرح کر دی ہے۔ ہر ہر شعر کے لئے تشریح کا دفتر کھولنے کی گنجائش نہیں۔ اگلے شعروں کو آپ اسی ڈھنگ سے سوچئے اور شاعر کے کمال کی داد دیجئے۔ لکھتے ہیں۔

تن پیلا تے نیلیاں ناڑیں ، زلفاں تے چٹیائی
بھری فریبوں ، خالی زوروں ، طاقت بدن نہ رائی
عمر بڈی تے آس چھوٹیری ، قدم کھڑے دم لے
سدھے وال تے ونگیاں ہڈیں ، بے وس جوڑ ہلے
اُچے ہڈ تے بینیاں گھاں ، تن منقوش جریدہ
پر دل وانگ ترکلے قامت ، پر وچ چکن کشیدہ
جھیاں دا وال نہ کوئی ، بھواں بھوا ئیاں ہوئیاں
داغ سیاہوں دوتویں اکھیں ، کھٹب چڑھا پاں ہوئیاں
گردن ٹوئے اگے پچھے ، کرد وگائی ہوئی
جھل بڈھیپے نے وچ چہرے ، گرد اڈائی ہوئی

تشبیہ کی نادرہ کاری ملاحظہ فرمایئے۔

ماس پرانے کاغذ والی ، صورت پائی ہوئی
